| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی تئیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'پھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'پھ' پہچان سکیں آواز پہچان سکیں اور الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو جانوروں کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بھاری حرف 'پھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر آواز کی درست ادائیگی کی جائے گی۔ کاغذ پر 'پ' اور 'پھ' کی آواز کی مشق کروایئے اور یاد دلوایئے کہ 'پھ' بولتے وقت ہم منہ میں ہوا بھرتے ہیں مگر 'پ' بولتے وقت ایسا نہیں ہوتا۔ بچوں سے یہ سرگرمی کروایئے اور ہر بچے کی ادائیگی درست کروایئے۔ بچوں کو 'پھ' کے الفاظ کی تصاویر دکھایئے (پھیپھڑے، پھاوڑ، پھاٹک، پھل، پھول) چند اور الفاظ متعارف کروایئے مثلاً پھاڑنا، پھسل، پھٹنا، پھیکا وغیرہ۔ ان تمام الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیا جائے گا۔ تختہ سفید/ سیاہ پر بڑا کر کے پھ لکھا جائے گا بچوں سے ہوا میں پھ بنانے کی مشق کروائی جائے گی یہ عمل تین سے چار بار دہرایا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر پھ بنانے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کو باری باری دیکھیے کہ وہ درست سمت میں 'پھ' بنا رہے ہیں۔ تختہ سیاہ/ سفید پر بھ اور پھ کے الفاظ مکس کر کے چسپاں کیے جائیں گے۔ بچوں کو باری باری تختہ سفید/ سیاہ پر بلا کر الفاظ پڑھنے کو کہا جائے گا۔ جب 'پھ' کا لفظ آئے گا تو بچے تالی بجائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ 21 کھولنے کو کہا جائے گا۔ پھ کو پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ پھ کے الفاظ اور تصاویر کے بارے میں بتایا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچے سے 'پھ' کی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف پھ کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تئیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'پھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری 'پھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے 'پھ' کی آواز اور فلیش کارڈز دکھا کر اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'پھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'پھ' کو مصوتے (ا، و، ی، ے) سے ملا کر پڑھنا سیکھیں گے۔ طلباء کو فلیش کارڈز کے ذریعے ا، و، ی، ے کو ساتھ ملا کر پڑھنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔<br>پھ ا ، پھ و ، پھ ی ، پھ، ے<br>ان دو حرفی الفاظ کو تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ بچوں سے میز پر پھا، پھو، پھی، پھے لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سفید بورڈ دے کر پھ کی تصاویر دکھائی جائیں گی بچے اس کا نام بتائیں گے اور پھر اس کے توڑ سفید بورڈ پر لکھیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 22 کھولنے کو کہا جائے گا۔ پھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر لکھنے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پھ کے الفاظ پوچھیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 23 کیجیے۔ | 3 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | بھاری حرف 'پھ' کا فلیش کارڈز<br>'پھ' کی تصاویر اور الفاظ فلیش کارڈز<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 22،23 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'پھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تئیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'پھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'پھ' اور ' کے الفاظ پڑھ سکیں الفاظ کے توڑ اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>پھا، پھو، پھی، پھے کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>پھ کو اسے ملا کر تختہ سفید/ سیاہ پر لکھا جائے گا۔ پھ کے تصاویر فلیش کارڈ تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کیے جائیں گے پھل، پھاٹک، پھاوڑا، پھاڑنا کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر تصاویر کے نیچے چسپاں کیا جائے گا۔ الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ان کا پسندیدہ پھل کونسا ہے؟ بچوں کو پھاوڑا، کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ اس اوزار کو کھدائی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Salt tray دے کر پھل، پھاٹک، پھاوڑا، پھاڑنا الفاظ کی لکھائی کروائی جائے گی۔ ہر بچے کو الفاظ فلیش کارڈ بھی دیے جائیں گے تا کہ وہ الفاظ دیکھ کر درست بناوٹ سے لکھ سکیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ 25 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دیے گئے الفاظ کے توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ نیچے لکھے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائے گی۔ نیچے دیے الفاظ بھی بورڈ پر لکھ کر پڑھائے جائیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>پھاڑنا، پھاڑ، پھاڑی، پھاڑو الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 24 کیجیے۔ | 3 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | Salt tray<br>کتاب صفحہ<br>24،25 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف پھ کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تیئیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'پھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'پھ اور ُ' کے الفاظ پڑھ سکیں الفاظ کے توڑ اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>کاغذ پھاڑنا بُری بات ہے۔آج ریل کا پھاٹک بند ہے۔ابو بازار سے پھل لائے۔ جملے بورڈ پر لکھ کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر پیش (و) کی علامت لکھے گی اور بچوں سے پوچھے گی کہ یہ کیا ہے؟ بچوں کو یاد دلا یا جائے گا کہ پیش ایک علامت ہے جو حرف کے اوپر آتی ہے۔آج ہم ُ اور وپھ کے الفاظ سیکھیں گے۔معلمہ بچوں کو پُھوپھی، پُھول، پُھوٹ پُھوار کے فلیش کارڈ دکھا کر بلند خوانی کروائے گی اور بچوں سے بھی کرنے کو کہے گی۔ بچوں سے ہوا میں 'پھو' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی یہ عمل تین سے چار بار دہرایا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر 'پھا' اور پُھو کے الفاظ فلیش کارڈ چسپاں کرے گی بچوں سے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو باری باری بُلا کر 'پھو' والے الفاظ پر دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 26 کھولنے کو کہا جائے گا۔'پُھو' والے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کروائی جائے گی۔ نیچے لکھے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر معلمہ اُن کی بلند خوانی کروائے گی 'پھ' والے الفاظ پر زور دیا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر پُھول، پُھوار، پھوپھی والے الفاظ لکھوائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 28 کیجیے۔ | 3 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 26،28 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف پھ کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی تئیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'پھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'پھ اور ا' کے الفاظ پڑھ سکیں الفاظ کے توڑ اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>پُھر، پھیکا، پھیکی، پھیکے الفاظ لکھ کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'پھ' کے الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھیں گے۔ 'بھائی پھل لا دو'، میرا پاؤں پھسل گیا، باغ میں پُھول لگے ہوئے ہیں، ہر طرف روشنی پھیل رہی ہے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر جملوں کی بلند خوانی کروائی جائے گی پھسل، پھیر، پھیکا، پھاڑ کے توڑ کرنا بتایا جائے گا مثال کے طور پر پھ+س+ل وغیرہ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 29 کھولنے کو کہا جائے گا۔ جملے پڑھنے، لکھنے اور تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ کتاب صفحہ 30 پر خالی جگہ پُر کرنے اور نیچے دیے گئے الفاظ کے توڑ کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں پھسل، پُھوار، پُھول، پھل، پُھوٹ کے الفاظ کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 3 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | کتاب صفحہ<br>29،30 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف پھ کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |